RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ٢٢ | مطبوعہ ٥ ذیقعدہ ١٣١١ ہجری روز دوشنبہ مطابق ٢١ مئی ١٨٩٤ عیسوی | جلد ٦

فہرست مضامین

	نام مضمون	
	حکم و روبکارات حضور پر نور دام اقبالہم	
١	تقرر حکیم عبدالرحیم خان مہتابر افسر ادویہ خانہ۔	١
٢	ممانعت ہونے جانے سامان روشنی از کنول خانہ کسی کوٹھی اور برج کے کا نسبت	٢
٣	نسبت بحالی و برطرفی وغیرہ ملازمان ہسپتال فوجی۔	٢
	روبکار و احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر	
٤	نسبت چانچ وقت تبدیل پٹواری۔	٢ و ٣
٥	انتظام عہدہ عبدالحمید خان متوسط علاقہ دار آبپاشی۔	٣
٦	رخصت محمد علی خان نائب بخشی۔	٣
	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
٧	ستائش تعلیم مدرسین مدرسہ عالیہ بسبب پاس ہونے طلباء جو امتحان پنجاب یونیورسٹی میں بھیجے گئے تھے۔	٣
٨ و ٩	نقشہ جات وصیات و نقشہ نرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

حکم اجلاس حضور پر نور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع ١٣ مئی ١٨٩٤ء

عرضی حکیم عبدالرحیم خان بدرخواست پرورش ملاحظہ ہوئی

افسر ادویہ خانہ کے واسطے ایک لائق آدمی درکار ہے

لہٰذا بمشاہرہ چالیس (٤٠) روپیہ سائل کا تقرر کیا جائے۔

نقل روبکار باجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع ۱۷ مئی سنہ ۱۸۹۴ء

مہتمم کنول خانہ کی اکثر عرائض سے معلوم ہوا کہ سوائے مکانات متعلقہ سرکار اور بھی بعض کوٹھیوں اور باغ کے مکانات پر کنول خانہ سرکار سے لیمپ وغیرہ سامان روشنی دیا جاتا ہے اور چمنی و ہانڈیان بے احتیاطی و کثرت و شدت روشنی سے ٹوٹ کر نقصان کثیر ہوتا ہے لہذا

حکم ہوا کہ

آیندہ سے باستثنائے کوٹھی رزیڈنٹی کسی کوٹھی اور باغ کے مکان پر کنول خانہ سے لیمپ وغیرہ سامان روشنی نہ دیا جاوے دو ہفتہ کی مہلت مین سب صاحبان اپنے ذاتی لیمپ اور اسباب روشنی کا بندوبست کر لین۔ نقل روبکار ہذا درج گزٹ کیجاوے مہتمم کنول خانہ بحسب تصریح حکم کاربند ہوں۔

نقل روبکار باجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع ۱۷ مئی سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

آج بخشی فوج کی رپورٹ ہسپتال فوجی کے ملازمون کی بحالی و برطرفی وغیرہ کی نسبت ملاحظہ سے گزری۔ استفسار کیا گیا ہے کہ صاحب سول سرجن بہادر کے تعلقات کی نسبت تصریح فرمائیجاوے۔ یہ امر ظاہر ہے کہ جسطرح تمام صیغہ جات متعلقہ اینجانب کے ملازمون کی بحالی و برطرفی ہماری ذات سے متعلق ہے اسیطرح ملازمان ہسپتال فوجی کی بھی ہے صاحب سول سرجن بہادر نگران و منتظم ہسپتال ہین کل معاملات مین جو حالات مستفسرہ کی نسبت پیش آوینگے صاحب موصوف ہمارے اجلاس مین یاد داشت پیش کیا کرینگے

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا درج گزٹ کیجاوے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۴ مئی سنہ ۱۸۹۴ء

جب کسی ضرورت سے کوئی پٹواری اجلاس یا کسی محکمہ مین طلب ہوتا ہے اور کاغذات مانگے جاتے ہین تو اکثر ایسے عذرات پیش ہوتے ہین کہ کاغذ سال حال موجود ہے سال گذشتہ کا کاغذ پٹواری سابق سے چارج مین نہین ملا۔ یا کسی خاص کاغذ کی بابت لکھا جاوے تو اوسکی نسبت بھی یہی عذر ہوتا ہے۔ یہ بات بہت نامناسب ہے یہ صرف قانونگویان کی کم توجہی اور لاپروائی کا سبب ہے کہ وقت تبدیل چارج پٹواری کے وہ مطلق خیال نہین کرتے اور نہ دیکھتے ہین کہ پٹواری نے چارج مین کون کون کاغذ دئے اور کون کون کاغذ متعلق پٹوارگری ملنا چاہیے۔ بلکہ یہ ہوتا ہے کہ دینے والے نے فہرست چارج بنا کر دیدی اور لینے والے نے بلا دیکھے کاغذات کے لے لیا۔ اس سے کچھ بحث نہین کیجاتی کہ فلان کاغذ کم ہے اور ہونا چاہیے یا وہ کاغذ جو کم ہے کہان گیا یا جسقدر کاغذات حلقہ سے متعلق ہون وہ سب منگوا لئے جاوین اگر وقت تبدیل چارج کے قانونگویان تھوڑی سی کوشش اور توجہ کرین تو یہ سب قباحات رفع ہو سکتی ہین ہم پہلے بھی اسکی بابت ہدایت کر چکے ہین مگر کچھ اثر نہوا۔ اگر ہم آیندہ ایسی شکایت سنین گے تو ہم قانونگویان سے بازپرس کرینگے اور پٹواریان بھی مستوجب سزا کے جاوینگے ماورد وقت پورٹ

تحصیلدار صاحبان بھی رپورٹ مین ضرور لکھا کرین کہ فلان قانونگو کے
اہتمام سے تبدیل چارج ہوا اور رپورٹ کیساتھہ فہرست چارج بھی
بھیجین جسپر قانونگوی مذکور کے اہتمام سے تبدیل چارج ہوا دستخط ہون
اس فہرست مین جسقدر آلات پیمایش پٹواری کے پاس ہون
وہ بھی جانچ ہوکر درج ہونا چاہئے اور جو کاغذ نہو اوسکی بابت
تحصیلدار چارج دہندہ سے پتہ لگاوین - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا پاس جملہ تحصیلداران بھیجکر لکھا جاوے کہ قانونگویان
و پٹواریان کو بخوبی فہمایش اور ہدایت کردین کہ آیندہ بموجب روبکار
پوری تعمیل کرین - روبکار ہذا درج گزٹ ہو -

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

۱۵ مئی ۱۸۹۳ء

حسب تجویز مولوی محمد نعیم اللہ صاحب بہادر ڈپٹی مجسٹریٹ انہار
بسلسلہ فوتی عبدالحمید خان علاقہ دار آبپاشی تحصیل ملک منشی محمد نعیم خان
نایب علاقہ دار سوار باضافہ پنجروپیہ علاقہ داری ملک پر اور محمد حسین خان
نایب علاقہ دار آبپاشی ملک باضافہ پنجروپیہ نایب علاقہ داری سوار پر
تبدیل کئے گئے - بجائے محمد حسین خان نایب علاقہ دار ملک
سے عبدالغفور چچا عبدالحمید متوفی کو بمشاہرہ پندرہ روپیہ مقرر کیا گیا

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

۱۵ مئی ۱۸۹۳ء

بدرخواست عرضی محمد علیخان نایب بخشی رخصت بست یوم بوجہ
ضرورت منظور کی گئی -

حسب حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مشمولہ روبکار صاحب ڈائرکٹر بہادر
بعد ملاحظہ - حکم ہوا -
ایک نقل اسکی درج گزٹ کیجاوے ۱۳ مئی ۱۸۹۳ء

روبکار اجلاس صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم

عربی کالج رامپور یعنی مدرسہ عالیہ کے تین طالب علم امسال پنجاب
یونیورسٹی مین مولوی فاضل اور منشی فاضل کے امتحان دینے کو
بھیجے گئے تھے - اور ہر سہ طلبا پاس ہوگئے - نتیجہ امتحان
اچھا اور قابل اطمینان رہا - جملہ مدرسین کی کارگزاری بالخصوص
مولوی محمد حفیظ اللہ صاحب پرنسپل مدرسہ عالیہ کی حسن سعی و
کوشش تعلیمی قابل ستایش ہے اور مستحق شکریہ ہین -

تفصیل طلباے کامیاب

محمد وصیت علی .... مولوی فاضل مین پاس ہوے
محمد صدرالدین .... بشرح صدر -
محمد محسن .... منشی فاضل مین پاس ہوے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض ملاحظہ و اشاعت گزٹ خدمت مین صاحب
جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو فقط

ضمیمہ ریاست رامپور [illegible]

مطبوعہ ۲۳ مئی ۱۸۹۴ء جلد ۶

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۴ لغایت ۲۰ مئی ۱۸۹۴ء

نام مقام	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	تفصیل پیدائش — مرد — ہنود	تفصیل پیدائش — عورت — مسلمان	تفصیل پیدائش — عورت — ہنود	تفصیل پیدائش — میزان	تفصیل پیدائش — تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل پیدائش — تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل فوتے — ایک سال سے ۵ سال تک — مرد	تفصیل فوتے — ایک سال سے ۵ سال تک — عورت	تفصیل فوتے — ۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	تفصیل فوتے — ۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	تفصیل فوتے — ۱۲ سال سے زیادہ — مرد	تفصیل فوتے — ۱۲ سال سے زیادہ — عورت	تفصیل فوتے — میزان — مرد	تفصیل فوتے — میزان — عورت	تفصیل فوتے — تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل فوتے — تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل امراض — ہیضہ	تفصیل امراض — چیچک	تفصیل امراض — بخار	تفصیل امراض — [illegible]	تفصیل امراض — میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۱۰	۱۸	۳	۱۲	۴۴	۱۳	۳۰	۱۵	۷	۱	۰	۱۶	۶	۳۲	۱۳	۱۵	۳۰	۰	۰	۰	۴۵	۴۵	۰
ملک	۰	۲	۱	۰	۴	۲	۳	۲	۲	۰	۰	۱	۰	۳	۲	۱	۴	۰	۰	۰	۵	۵	۰
سوار	۱۴	۱۰	۸	۷	۳۹	۲۲	۱۷	۱۱	۴	۱	۱	۲۱	۱۴	۳۳	۱۹	۳۴	۱۸	۰	۰	۰	۵۳	۵۲	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	-	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
میزان	۲۴	۳۱	۱۲	۱۹	۸۶	۳۶	۵۰	۲۸	۱۳	۲	۱	۳۸	۲۰	۶۸	۳۴	۵۰	۵۲	۰	۰	۳۵	۵۴	۱۰۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۴ لغایت ۲۰ مئی ۱۸۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۸۱۰ار	۱۹ار	۰	۲۰ار	۰	۰	تحصیل ملک و سوار بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۲۱۰ار	۲۲۰ار	۰	۳۰ار	۰	۰	
نخود بیجھ امیز	۲۵ار	۲۵۰ار	۰	۲۵ار	۰	۰	
جو	۲۸ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۱۷ار	۱۷ار	۰	۱۵ار	۰	۰	
مونگ	۱۸ار	۱۵ار	۰	۰	۰	۰	
مکا	۰	۰	۰	نہیں	۰	۰	
برنج	۳۲۰ار	۳۰ار	۰	[illegible]	۰	۰	
کوجی	۲۹ار	۳۵ار	۰	نہیں	۰	۰	
ارہر	۲۲ار	۳۰ار	۰	۳۰ار	۰	۰	
عدس	۲۶ار	۳۳ار	۰	۲۰ار	۰	۰	
بیجھ	۱۰۱ار	۱۱ار	۰	۲۵ار	۰	۰	
روغن زرد	۱۱۱ار	۱۱ار	۰	۱۰ار	۰	۰	
روغن سیاہ	۳ار	۲۰ار	۰	۱۱۰ار	۰	۰	
روغن کنجی	۱۰۲ار	۲ار	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۸ار	۸۰ار	۰	۰	۰	۰	
نمک لاہوری	۵۱ار	۶ار	۰	۹ار	۰	۰	
قند سیاہ	۱۲۰ار	۱۰ار	۰	۰	۰	۰	